فوری ریلیز کے لیے: 2023/1/5

گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے 30$ ملین کے پری سیڈ اور سیڈ میچنگ فنڈ پروگرام کے آغاز کا اعلان

پروگرام نجی شعبے سے برابر کے فنڈز کے ساتھ ابتدائی مرحلے کی سٹارٹ اپ کمپنیوں میں 250,000$ تک کی سرمایہ کاری کرے گا

چھوٹے کاروباروں کی معاونت کرنے کے لیے نیو یارک کی مختص کردہ 500$ ملین وفاقی فنڈنگ کا حصہ، خاص طور پر روایتی طور پر کم خدمات یافتہ علاقوں میں

درخواستیں اور پروگرام کی معلومات یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج 30$ ملین کے پری سیڈ اور سیڈ میچنگ فنڈ پروگرام کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جو ابتدائی مرحلے کی سٹارٹ اپ کمپنیوں کو 50,000$ سے 250,000$ تک ترقیاتی امداد کی پیشکش کرے گا جس کے برابر وہ نجی شعبے کے شریک سرمایہ کاروں کی جانب سے فنڈز وصول کریں گی۔ یہ پروگرام بلند نمو والی صنعتوں میں کاروبار کی ترقی اور 21ویں صدی کی ملازمتوں کی تخلیق میں ہاتھ بٹائے گا۔ پروگرام کے لیے فنڈنگ ریاست کی چھوٹے کاروباری قرضہ جات پہل کاری سے آتی ہے، جو کہ، چھوٹے کاروباروں کی معاونت کرنے کے لیے وفاقی امریکن ریسکیو پلان کا حصہ ہے، خاص طور پر جو سماجی اور معاشی طور پر پسماندہ افراد کی ملکیت ہیں اور بہت چھوٹے کاروبار جنہیں روایتی طور پر سرمائے یا مدد تک کافی رسائی حاصل نہیں ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "ابتدائی مرحلے کی سٹارٹ اپ کمپنیوں کے لیے، سرمائے تک رسائی ان کاروباری اداروں کی زندگی کو یقینی بنانے اور انہیں طویل مدت میں برقرار رکھنے کے لیے اہم ہے۔ پری سیڈ اور سیڈ میچنگ فنڈ پروگرام ان کاروباری اداروں کو اپنی منزل حاصل کرنے اور مستقبل کی ملازمتیں پیدا کرنے میں مدد دے گا جبکہ روایتی طور پر کم خدمات یافتہ علاقوں میں فنڈنگ تک رسائی کو بڑھائے گا۔ میں اپنے وفاقی شراکت داروں کی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اس فنڈنگ کو محفوظ بنانے میں مدد کی اور نیویارک کے چھوٹے کاروباری ماحولیاتی نظام کو خطِ حیات فراہم کیا"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "حتی کہ وہ کمپنیاں جو اب گھریلو نام ہیں، صرف ایک خیال کے طور پر شروع ہوئیں۔ پری سیڈ اور سیڈ میچنگ فنڈ پروگرام کے ذریعے، ہم امید افزا سٹارٹ اپس اور بہت چھوٹے کاروباری اداروں کو ہدف بنائیں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ یہ اچھے خیالات ریاست نیو یارک میں ایک حقیقت بن جائیں، خاص طور پر روایتی طور پر کم خدمات یافتہ آبادیوں اور بازاروں میں"۔

پروگرام کی دیکھ بھال ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ NY Ventures کرتی ہے، جو ریاست کی وینچر کیپیٹل شاخ ہے، اور اس کی توجہ ٹیکنالوجی کی منڈیوں پر ہو گی جس میں جدید اشیاء سازی، زرعی ٹیکنالوجی، ماحولیاتی ٹیکنالوجی، صارفین کی ٹیکنالوجی، ڈیٹا/SaaS/مصنوعی ذہانت، فن ٹیک، ہیلتھ کیئر، حیاتی سائنسی علوم اور بائیو ٹیکنالوجی، اور طبی آلات شامل ہیں۔ پری سیڈ فنڈز عام طور پر سب سے مشکل وینچر کیپیٹل فنڈز ہوتے ہیں جو نئے زیادہ ترقی کرنے والے کاروباروں تک رسائی حاصل کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ NY Ventures انہیں اس پروگرام کے ذریعے پیش کر رہا ہے۔ اہل ہونے کے لیے، درخواست دہندگان کے لیے اب تک کمپنی کی ملکیت اور کنٹرول میں سے کچھ حصہ

دینے کی $2 ملین سے کم رقم لازماً جمع کی ہو۔ تمام درخواست دہندگان کا ریاست نیو یارک میں کاروبار کرنے کے لیے رجسٹرڈ ہونا اور ریاست میں ہیڈ کوارٹر اور کم از کم ایک اعلیٰ سطحی انتظامی ملازم رکھ کر نیو یارک میں اقتصادی اثر پیدا کرنے سے اتفاق کرنا لازمی ہے۔

ریاست نیو یارک بھر میں وینچر کیپیٹل تک رسائی کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی، خاص طور پر تاریخی طور پر پسماندہ افراد کے لیے، بشمول غیر سفیدفام کاروباری افراد، اور کم خدمات یافتہ علاقوں کے لیے۔ VC کیپٹل سروے جو Venture Forward، NVCA، اور Deloitte کے ذریعے کیا گیا تھا، کے مطابق سنہ 2020 میں، سرمایہ کاری کے صرف 3 فیصد شراکت دار سیاہ فام یا افریقی امریکی تھے، صرف 4 فیصد ہسپانوی یا لاطینی تھے، 15 فیصد ایشیائی یا بحر الکاہل کے جزیرے اور صرف سرمایہ کاری کے 16 فیصد شراکت دار خواتین تھیں۔ مزید برآں، RateMyInvestor اور DiversityVC کے ایک مطالعہ سے پتا چلا ہے کہ VC ڈالر کا 10 فیصد سے بھی کم حصہ خواتین کے بانیوں کو جاتا ہے اور 1 فیصد سے بھی کم سیاہ فام بانیوں کو جاتا ہے۔

پروگرام کے بارے میں مزید معلومات اور درخواست دینے کے طریقے سے متعلق ہدایات کے لیے، https://esd.ny.gov/pre-seed-and-seed-matching-fund-program ملاحظہ کریں۔

سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا، "یہ نیا پروگرام، جو کہ میری رکھوائی گئی نیو یارک کے لیے $500 ملین ڈالر کی وفاقی سرمایہ کاری کا حصہ ہے، جو ریاست کے چھوٹے کاروباروں کو عالمی وباء کے اثرات سے باہر نکالنے کرنے اور ہماری مقامی معیشتوں کی تعمیرِ نو کرنے کے لیے درکار ہے۔ مجھے کم خدمات یافتہ کاروباروی اداروں کو سہارا دینے، مینوفیکچرنگ اور ٹیکنالوجی جیسی اہم صنعتوں میں کاروباری افراد اور چھوٹے کاروباروں میں سرمایہ کاری کرنے اور ان علاقوں میں اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرنے میں مدد کرنے پر فخر ہے جنہیں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ ایک اکثریتی رہنماء کے طور پر، میں نے امریکی ریسکیو منصوبے کے حصے کے طور پر ریاستی چھوٹے کاروباری کریڈٹ اقدام کی وفاقی سرمایہ کاری حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کی ہے تاکہ عالمی وبا کے دوران قوم کے چھوٹے کاروباروں کو درپیش ناگہانی مشکلات پر قابو پایا جائے اور مجھے فخر ہے کہ اب نیویارک کو یہ وفاقی فنڈنگ ادا کی جا رہی ہے کہ وہ اپنی بحالی کی رفتار بڑھانے کے لیے، اور مستقبل میں ہماری معیشت کو رواں دواں رکھنے کے لیے، ریاست کے چھوٹے کاروباروں اور صنعتکاری کی بنیاد کی تعمیر کر سکیں۔"

نمائندہ گریگوری Gregory W. Meeks نے کہا، " میں آج اعلان کردہ پری سیڈ اینڈ سیڈ میچنگ فنڈ پروگرام، جو ہماری ریاست کے کاروباری اداروں کے لیے سرمایہ کاری کے کافی مواقع کی نشاندہی کرتا ہے، کے ذریعے ہماری ریاست کے کاروباری اداروں کے ساتھ گورنر Hochul کی وابستگی کو سراہتا ہوں۔ امریکی ریسکیو پلان جس پر پچھلی کانگریس میں قانون میں دستخط کیے گئے تھے، کی بدولت فراہم کردہ فنڈنگ نے اس سرکاری و نجی شراکت داری کو بنانے میں مدد کی جو سٹارٹ اپس کو ترقی کرنے اور وسیع ہونے کے لیے بااختیار بنائے گی، خاص طور پر ان کو جو تاریخی طور پر روایتی وینچر کیپیٹل سے گزر چکے ہیں۔ نیو یارک اور میرے ضلع کے لوگوں کا کاروباری جذبہ زندہ اور تندرست ہے، اور اس نئے پروگرام کی بدولت مزید نوجوان کمپنیوں کو کامیاب ہونے کا موقع ملے گا"۔

ریاست نیو یارک کو وفاقی SSBCI فنڈنگ میں $500 ملین سے زیادہ سے نوازا گیا ہے، جس میں کُل $219 ایکویٹی فنڈنگ کے لیے استعمال کیا جائے گا: NY Ventures کے اختراعی وینچر کیپیٹل فنڈ کے لیے $35 ملین، ایک نئے پری سیڈ کے لیے $30 ملین اور سیڈ میچنگ فنڈ پروگرام، متنوع اور ابھرتے ہوئے فنڈ مینیجرز کے لیے ایک نئے ایمرجنگ اینڈ ریجنل پارٹنر پروگرام فنڈ کے لیے $102 ملین، اور ایکسلریٹرز، وینچر سٹوڈیوز اور انکیوبیٹرز کے لیے نئے کمیونٹی اینڈ ریجنل پارٹنر پروگرام فنڈ کے لیے $52 ملین۔ بقیہ $282 ملین ڈالر کے فنڈز مختلف قسم کے کیپیٹل ایکسس پروگراموں کی کفالت کر رہے ہیں۔ امریکی خزانے سے ESD کو تین قسطوں میں فنڈز تقسیم کیے جائیں گے کیونکہ فنڈز کا وعدہ کیا گیا ہے۔ ESD کے SSBCI پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات https://esd.ny.gov/ssbci پر حاصل کریں۔

نیو یارک وینچرز میں کئی ایسے پروگرام شامل ہیں جو صاف توانائی، جدید مینوفیکچرنگ، صحت کی دیکھ بھال، لائف سائنسز، اور زرعی ٹیکنالوجی جیسے اعلی نمو والے جدید شعبوں میں سٹارٹ اپس کی فنڈنگ کی ضروریات کو

سہارا دینے اور حل کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ اس میں ایک ڈائریکٹ فنڈ شامل ہے جس نے ریاست بھر میں 60 سے زائد سیڈ ٹو سیریز بی سٹارٹ اپس کی معاونت کی ہے- جن میں سے 70 فیصد اقلیتی- اور/یا خواتین کی سربراہی میں ہیں- اور 70$ ملین سے زیادہ کے مماثل فنڈز حاصل کیے ہیں۔ ریاست نیو یارک نے بھی 81 کمپنیوں کی ترقی اور 2,000 ملازمتوں کی تخلیق میں Innovate New York Fund کے ذریعے تعاون کیا اور ایک MWBE سرمایہ کاری فنڈ کا آغاز کیا تاکہ تصدیق شدہ اقلیتی اور خواتین کی ملکیت والے کاروباروں کو سیڈ ایکویٹی کیپٹل فراہم کیا جا سکے۔ NY وینچرز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، https://esd.ny.gov/venture-capital ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418